نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

محمد علی، محمد شیراز اور محمد سجاد (ڈھوک صوبیدار) کو صدمہ

مورخہ 18 جون بروز جمعہ محمد علی کی ہمشیرہ اور محمد شیراز و محمد سجاد کی والدہ محترمہ ڈھوک صوبیدار میں طویل علالت کے بعد وفات پاگئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون۔مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

توقیر اسلم و تنویر اسلم، ڈاکٹر شاہد تنویر اور نوید ظفر و فرید ظفر کو صدمہ

مورخہ 29 جون بروز منگل توقیر اسلم و تنویر اسلم کے ماموں جان، ای، ڈی، او ہیلتھ جہلم ڈاکٹر شاہد تنویر کے کزن اور نوید ظفر و فرید ظفر کے والد محمد ظفر طویل علالت کے بعد وفات پاگئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون۔ان کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

سخی محمد، محمد اسحق و محمد مشتاق (مدینہ ٹاؤن جہلم) کو صدمہ

مورخہ 30 جولائی بروز جمعہ سخی محمد، محمد اسحق و محمد مشتاق کی والدہ محترمہ ہارٹ اٹیک کی وجہ سے مدینہ ٹاؤن میں وفات پاگئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔مرحومہ کی نماز جنازہ مدینہ ٹاؤن میں ڈاکٹر فیض احمد بھٹی نے پڑھائی۔جبکہ ان کی دوسری نماز جنازہ جامعہ میں شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

سیٹھی محمد صفدر، سیٹھی محمد افضل، سیٹھی محمد اختر اور سیٹھی محمد اشرف کو صدمہ

مورخہ یکم اگست بروز اتوار سیٹھی محمد صفدر، سیٹھی محمد افضل، سیٹھی محمد اختر اور سیٹھی محمد اشرف کے بھائی سیٹھی محمد سعود وفات پاگئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون۔مرحوم کی نماز جنازہ جامعہ میں ڈاکٹر فیض احمد بھٹی نے پڑھائی۔

سید نعمت شاہ کاظمی کو صدمہ

مورخہ 5 اگست بروز جمعرات سید نعمت شاہ کاظمی جو (عرصہ دس سال سے جامعہ کے باورچی ہیں) کا بیٹا ٹرین حادثہ میں اچانک وفات پا گیا۔انا للہ و انا الیہ راجعون۔مرحوم کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں میں ادا کی گئی۔

شیخ محمد امجد اور شیخ محمد جاوید کو صدمہ

مورخہ 11 اگست بروز بدھ شیخ محمد عبداللہ مرحوم کی زوجہ محترمہ، شیخ محمد امجد کی والدہ محترمہ اور شیخ محمد جاوید کی ساس محترمہ وفات پاگئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون۔مرحومہ بڑی ہی نیک خاتون تھیں۔نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)